© rasailojaraid.com



آمد و رفت کا کرایہ گھر سے لے کر چلنا۔ تقریر بیان کے بعد اگر داعی کچھ خدمت کرے تو اس کے سامنے شمار نہ کرنا اور اگر کچھ بھی نہ دے تو اپنی زبان سے طلب بھی نہ کرنا، بلکہ چپکے سے ہنس مکھ واپس آ جانا۔ ساری زندگی میرا یہی عمل رہا ہے۔ جب کہیں جانا ہوتا ہے تو میں تمہاری اماں سے پوچھا کرتا تھا کہ مجھے فلاں جگہ وعظ کہنے جانا ہے کرایہ ہے؟ اگر ہوتا تو آمد و رفت کا خرچ گھر سے لے کر چلتا۔

کچھ بھی خدمت نہ کرنے والا اگر پھر بھی بلا لے اور دعوت دے دے تو جانے سے انکار نہ کرنا۔ اب اگر پچھلی اور پہلی مرتبہ ہدیہ حق الخدمت وغیرہ نہ مل سکنے کے سبب جانے سے رک جاؤ گے تو للّٰہیت نہ ہوگی بلکہ نفسانیت ہوگی اور داعی کے سامنے شمار کرنے سے روکنے میں یہ حکمت ہے کہ ہوسکتا ہے کہ داعی غریب اور مفلس ہونے کے سبب حق الخدمت یا کرایہ بھی پورا نہ دے سکے۔ اس سے خود بھی تردد ہوگا اور داعی کے دل میں بھی ہوک اٹھے گی۔ ہائے! میں غریب تھا کرایہ بھی نہ دے سکا اور اس سے غریب کی آہ اور دل دکھانے کے ہر پہلو سے پرہیز کرنا۔ اگر ان باتوں پر عمل کرو گے تو انشاءاللہ کبھی بھوکے نہیں رہو گے اور یہی باتیں دنیا و عقبیٰ کی فلاح و بہبود اور ترقی و سربلندی کا موجب ثابت ہوں گی۔"

(حیاتِ امیر شریعت: ص ۳۸۹، ۳۹۰)

زندگی جدوجہد سے عبارت ہے اسے ہم روح کا لباس بھی کہہ سکتے ہیں۔
انسان لباس کے معاملے میں مجاز ہے، اجلا رکھے یا میلا کر دے
برائی بہرحال برائی ہے۔ جو انسان دوسروں کا برا چاہتا ہے، وہ گویا اپنے یا اپنی اولاد کے لیے بدی کاشت کرتا ہے۔
مجلس احباب میں گفتگو، دفتر احرار لاہور، دسمبر ۱۹۴۳ء
سید عطاء اللہ شاہ بخاری سوانح و افکار (شورش کاشمیری)

ایک سال کا عرصہ ہو گیا میں نے کسی اجتماع میں تقریر نہیں کی۔ اب بھی بادل نخواستہ اٹھ کر آیا ہوں۔ اس ڈر سے کہ کہیں احرار رضا کار ناراض نہ ہو جائیں۔ اپنی خواہش تو رہی نہیں، بس تم خوش رہو اور میرے لیے دعا کر دو میں اسی میں خوش ہوں۔

اِدھر یہ ضعیفی و پیری، اُدھر تم زور آور۔ جب جی چاہا پکڑ کر میدان میں چھوڑ دیا۔ اگرچہ صحت جا چکی اور بڑھاپا چھا گیا لیکن کفر کے مقابلے کے لیے مجھ سا توانا ماں نے جنا نہیں۔

احرار کارکنوں سے خطاب، ملتان، اپریل ۱۹۴۸ء
(حیات امیر شریعت، ص: ۳۱۶)



© rasailojaraid.com